ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ: منیبہ علی کی شاندار سنچری نے پی سی بی چیلنجرز کو پہلی کامیابی دلادی

کراچی،11جنوری 2020ء:

سہ فریقی قومی ویمنز ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں پی سی بی چیلنجرز نے پی سی بی ڈائنامائٹس کو 42 رنز سے شکست دے کر ایونٹ میں پہلی کامیابی حاصل کرلی ہے۔ میچ میں 108 رنز کی برق رفتار اننگز کھیلنے پر پی سی بی چیلنجرز کی اوپنر منیبہ علی کو پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری قومی ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کےتیسرے میچ میں پی سی بی چیلنجرز نےٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو بائیں ہاتھ کی اوپنر منیبہ علی نے 69 گیندوں پر 17 چوکوں اور ایک چھکے پر مشتمل دھواں دھار اننگز کھیلی۔ وہ 108 رنز بناکر رن آؤٹ ہوئیں۔ پی سی بی چیلنجرزنے مقررہ بیس اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔ کپتان بسمہ معروف 32 رنز بناکر دوسری نمایاں بیٹر رہیں۔ پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سےثناء میر نےایک وکٹ حاصل کی۔

جواب میں پی سی بی ڈائنامائٹس کی ٹیم مطلوبہ بیس اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر140 رنز ہی بناسکی۔ مڈ ل آرڈر بیٹر ارم جاوید 38 اور اوپنرناہید ہ خان 36 رنز بناکرنمایاں رہیں۔ پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے سعدیہ اقبال نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

شیڈول:

12 جنوری بروزاتوار: پی سی بی ڈائنا مائٹس بمقابلہ پی سی بی بلاسٹرز، بوقت دوپہر 12 بجے، میچ ریفری: امیر الدین انصاری، آن فیلڈ امپائرز: شمیم انصاری اور شکیل احمد
13 جنوری بروزپیر: پی سی بی چیلنجرز بمقابلہ پی سی بی بلاسٹرز، بوقت دوپہر 12 بجے،میچ ریفری: علیم موسیٰ، آن فیلڈ امپائرز: طاہر رشید اور عزیزالرحمٰن
14 جنوری بروزمنگل: پی سی بی چیلنجرز بمقابلہ پی سی بی ڈائنا مائٹس، بوقت دوپہر 12 بجے،میچ ریفری: محمد جاوید، آن فیلڈ امپائرز: عمران جاوید اور نزہت سلطانہ

16 جنوری بروز جمعرات: فائنل، بوقت شام 7 بجے، میچ ریفری: افتخار احمد، آن فیلڈ امپائرز: خالد محمود سینئر اور امتیاز ا قبال

اسکواڈز:

پی سی بی بلاسٹرز:

رامین شمیم (کپتان)،عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، حرینہ سجاد، جویریہ خان، جویریہ رؤف، ماہم طارق، نتالیہ پرویز، نیہاشرمین، نورین یعقوب، صدف شمس، سدرہ نواز اور طوبہٰ حسن۔

ٹیم آفیشلز:

وقار اورکزئی (کوچ)، شاکر قیوم(اسسٹنٹ کوچ)، ملائکہ منصور(منیجر) اور رفعت اصغر گل (فزیوتھراپسٹ)۔

پی سی بی چیلنجرز:

بسمہ معروف (کپتان)،ایمن انور، عروب شاہ، عائشہ ظفر، فاطمہ ثناء، حفصہ خالد، منیبہ علی، نجیہ علوی، ندا ڈار، صبا ء نذیر،سعدیہ اقبال، وحیدہ اختر، حفصہ امجد اور خدیجہ چشتی۔

ٹیم آفیشلز:

عامر اقبال(کوچ)، شاہد محمود(اسسٹنٹ کوچ)، عائشہ جلیل (منیجر) اور صائمہ ملک(فزیوتھراپسٹ)۔

پی سی بی ڈائنامائٹس:

ناہیدہ خان (کپتان)،ڈیانا بیگ، فریحہ محمود، غلام فاطمہ، ارم جاوید، کائنات حفیظ، کائنات امتیاز، لبنا بہرام، معصومہ جعفری، نشرہ سندھو،عمیمہ سہیل، ثناء میر، سدرہ امین اور اِم ہانی۔

ٹیم آفیشلز:

کامران حسین(کوچ)، علی نیازی(اسسٹنٹ کوچ)، رابیل خالد(منیجر) اور ساجدہ فجر(فزیوتھراپسٹ)۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk